# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب


## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**


**پریس ریلیز**

**محکمہ زراعت پنجاب نے آم کی گدھیڑی کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کردیں**

لاہور: **17 دسمبر 2024**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آم کی گدھیڑی کے انڈوں سے بچے نکلنے کا عمل شروع ہو چکا ہے اس لئے انڈوں اور ان سے نکلنے والے بچوں کی تلفی کے لئے آم کے پودوں کے گرد گوڈی کریں اور جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ تنے کے گرد زمین کھود کر کلور پائیریفاس 40ای سی (Chlorpyrifos) 10 ملی لٹر فی لٹر پانی میں ملا کر ڈالیں تا کہ بچے انڈوں سے نکلتے ہی زہر کے اثر سے مر جائیں۔آم کے پودوں کے تنوں پر زمین سے 2 تا 3 فٹ اوپر 1 فٹ چوڑا پلاسٹک شیٹ کا بند لگائیں اور اس کے درمیان 1 انچ اچھی کوالٹی کی گریس کا رکاوٹی بند لگائیں تا کہ گدھیڑی کے بچے اوپر نہ چڑھ سکیں۔گدھیڑی کے بچے نمودار ہونے پر بند کے نیچے میلاتھیان 57 ای سی (Malathion) 5 ملی لٹر فی لٹر یا سپائروٹیٹرامیٹ (Spirotetramat) 1.5 ملی لٹر فی لٹر پانی میں ملا کر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ہفتے میں دو بار سپرے کریں۔سپرے کا عمل 15 جنوری تک یا حسب ضرورت جاری رکھیں اور ایک ہی زہر کا بار بار استعمال نہ کریں۔

☆☆☆☆